tnkalvi.online

No. of Printed Pages : 7

8405

Register Number

Language — Part I — URDU

Time Allowed : 3.00 Hours] [Maximum Marks : 90

Instructions : (1) Check the question paper for fairness of printing. If there is any lack of fairness, inform the Hall Supervisor immediately.

(2) Use **Blue** or **Black** ink to write and underline and pencil to draw diagrams.

ہدایات: (1) صاف طباعت کے لئے پرچہ جانچ لیں۔ طباعت کی مشکل ہو تو امتحان ہال کے نگران کو اطلاع دیں۔

(2) سیاہ یا نیلی روشنائی کا استعمال لکھنے کے لئے کریں۔

PART - I / حصّہ اوّل

14x1=14 ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے۔

Choose the **correct** answer.

1. ''حمد'' کے شاعر کا نام ہے _____۔

(الف) علیم صبا نویدی (ب) حفیظ الرحمٰن (ج) مختار بدری (د) ابوالبیان حماد

2. مسدس میں _____ مصرعے پائے جاتے ہیں۔

(الف) دو (ب) چھ (ج) تین (د) چار

3. 'ڈاکٹر کے' _____ مضمون کا اہم کردار ہے۔

(الف) امام رازیؒ (ب) دستگیری (ج) حکایاتِ سعدی (د) ہاتھی ڈاکٹر

4. مرثیہ میں _____ کا ذکر ہوتا ہے۔

(الف) بڑے لوگوں (ب) مرنے والوں (ج) چھوٹے لوگوں (د) زندوں

5. شیخ سعدیؒ کی مشہور کتاب _____ ہے۔

(الف) بانگِ درا (ب) الکتاب (ج) بالِ جبرئیل (د) گلستاں

[Turn over

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

6. ''کان خلقه القرآن'' _____ نے ارشاد فرمایا۔

(الف) فاطمہؓ (ب) خدیجہؓ (ج) امّ حبیبہؓ (د) عائشہؓ

7. امیرالمومنین سے مراد _____ ہے۔

(الف) مسلمانوں کا خلیفہ (ب) غریب شخص (ج) بادشاہ (د) مالدار شخص

8. کلام میں کچھ ایسی چیزوں کا ذکر کرنا جن میں آپس میں کچھ مناسبت ہو :

(الف) تجنیس (ب) صنعت تضاد (ج) تلمیح (د) مراعات النظیر

9. اردو تنقید کی پہلی کتاب _____ ہے۔

(الف) یادگارِ غالب (ب) مقدمہ شعر و شاعری (ج) حیاتِ جاوید (د) مقالاتِ حالی

10. انگریزوں کی تجارتی کمپنی کا نام _____ تھا۔

(الف) نارتھ انڈیا (ب) ایسٹ انڈیا (ج) ساؤتھ انڈیا (د) ویسٹ انڈیا

11. میر تقی میرؔ _____ میں پیدا ہوئے۔

(الف) آگرہ (ب) لکھنؤ (ج) سیال کوٹ (د) دہلی

12. ''علیم ہم نے تمہاری چوری پکڑ لی۔'' یہ جملہ _____ نے کہا۔

(الف) باپ (ب) بھائی (ج) خان صاحب (د) ماں

13. ''<u>دولت کا صحیح مصرف</u>'' کی حکایت کا اہم موضوع _____ ہے۔

(الف) ماں (ب) استاد (ج) دوست (د) باپ

14. ''آخر پیسہ بچ ہی گیا'' کے اہم کردار _____ ہیں۔

(الف) سبرمنیم بھارتی (ب) ارونا چلم مدلیار (ج) رام کمار (د) کرشنا مورتی

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

PART - II / حصّہ دوّم

SECTION - 1

جوابات دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہوں۔

Answer in **2-3** sentences each :

ذیل کے کسی تین سوالات کے جواب لکھئے۔ **3x2=6**

Answer **any three** questions.

15. پھول کس بات پر فریاد کر رہا تھا؟

16. علامہ اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے اور آپ کے چند اردو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

17. غالبؔ کے چند عمدہ صفات کا ذکر کیجئے۔

18. علیم نے کس طرح خان صاحب کی مدد کی؟

SECTION - 2

ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب لکھئے۔ **2x2=4**

Answer **any two** questions.

19. پہاڑوں کے فرشتوں نے حضرت محمدؐ سے کیا درخواست کی ؟

20. چند مشہور تحریکِ آزادی کے علماء کے نام لکھئے۔

21. کوئی دو مسلم سائنس دانوں کے نام لکھئے۔

SECTION - 3

ذیل میں سے سات سوالات کے جواب لکھئے۔ **7x2=14**

Answer **any seven** questions.

22. املا درست کیجئے :

(Correct the spellings.)

(الف) ظرورت ایجاد کی ماں ہے۔

(ب) ہندوسطان ہمارا ملک ہے۔

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

23. صحیح اردو میں لکھئے۔

(**Correct** the sentences and write in proper Urdu.)

(الف) کاں تمیں جاتیئں سو۔

(ب) منجے مارونگّو۔

24. ان جملوں میں علامت فاعل اور علامت مفعول کو پہچانیئے :

(Identify the Active and Passive in the following sentences)

(الف) افسر نے خط کو پوسٹ کر دیا۔

(ب) اکبر نے نوکر کو نکال دیا۔

25. ان جملوں میں موجود انگریزی الفاظ کو اردو میں لکھئے:

(Write the English words in Urdu.)

(الف) ہمارے ابّا کا بزنس خوب چل رہا ہے۔

(ب) ٹیچر بننا میرا ایم ہے۔

26. مقطع کسے کہتے ہیں؟

27. ''طوفانِ حیات کا ایک ورق'' کہانی کے کردار بتایئے۔

28. جملے کی تعریف کیجئے اور اس کی قسمیں لکھئے۔

29. ذیل کے محاورات کے معنی لکھئے :

(Write the meaning of the Proverbs.)

(الف) آپے سے باہر ہونا

(ب) آسمان پر تھوکنا

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

30. شعر میں خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے :

(Write meaning of the underlined words.)

نہ ہو لب پہ کوئی شکوہ، وہ <u>رضا</u> کہاں سے لاؤں

کوئی سن سکے نہ جس کو، وہ <u>صدا</u> کہاں سے لاؤں

PART - III / حصّہ سوم

SECTION - 1

کسی دو سوالوں کے جوب لکھئے۔ 2x4=8

Answer **any two** questions.

31. شاعر نے خدا تعالیٰ کی ذات وصفات کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے ؟

32. سرکارؐ کے نقشِ قدم کیسے ہیں؟

33. مہر و ماہ کو کس بات کا غم ہے؟ آخر میں شاعر کیا پیغام دیتا ہے؟

34. مولانا الطاف حسین حالؔی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

SECTION - 2

صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 2x4=8

Answer **any two** questions.

35. لڑکے نے حجاج کے دربار میں کس طرح اپنی گفتگو کا آغاز کیا؟

36. حضرت محمدؐ کی گھریلو زندگی پر چند جملے لکھئے۔

37. دارالعلوم دیوبند کی اردو خدمات پر روشنی ڈالیے۔

38. امام رازیؒ کی زندگی کے حالات کا جائزہ لیجئے۔

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

SECTION - 3

3x4=12

کسی تین سوالوں کے جواب لکھئے۔

Answer **any three** questions.

39. مصنف کو بھوک و پیاس کی حالت میں راستہ میں کیا چیز گری ہوئی ملی؟

40. مسافر کے تین سوال کیا تھے اور بکریاں چرانے والے لڑکے نے کیا جواب دیا؟

41. خط لکھئے (Write a letter.) :

کارپوریشن کے اعلیٰ افسر کے نام خط لکھئے اور آپ کی گلی میں صفائی کے اچھے انتظام کی درخواست کیجئے۔

42. ذیل کے انگریزی محاورات کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

(Translate the following English Proverbs into Urdu.)

(الف) All that glitters is not gold.

(ب) Union is strength.

(ج) New broom sweeps well.

(د) Anger is a sworn enemy.

43. ذیل کے شعر کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے۔

(Explain the following with reference to the context.)

صداقت پر بنا رکھی گئی ہے دین فطرت کی

اسی تعبیر کو انسانیت کا ارتقاء کہئے

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

PART - IV / حصّہ چہارم

3x6=18

جواب دو صفحات سے زیادہ نہ ہوں۔

Answer the following questions in not more than **2** pages.

44. (a) ''نعت'' کی تعریف کرتے ہوئے اس کے شعری تقاضوں پر ایک نوٹ لکھئے۔

یا

(b) مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے میر انیس کی مرثیہ نگاری پر چند جملے لکھئے۔

45. (a) حضرت محمدؐ کے اوصاف جمیلہ اور اخلاقِ حمیدہ کا مکمل جائزہ لیجئے۔

یا

(b) جنگل کی حفاظت اور جانوروں کی حفاظت پر ایک مضمون لکھئے۔

46. (a) کمہار اور دھوبی کی آپسی دشمنی وحسد کا انجام کیا ہوا؟ تفصیل سے لکھئے۔

یا

(b) ''آخری قدم'' اس کہانی کا پس منظر کیا ہے؟ خلاصہ لکھئے۔

PART - V / حصّہ پنجم

47. اپنی یادداشت سے نظم لکھئے۔ 4+2=6

(Write the poem out of your memory.)

(الف) تیری شان کے ہو لائق ۔۔۔۔۔۔ (سے) ۔۔۔۔۔۔ وہ نوا کہاں سے لاؤں

(ب) شاید نظامِ حق آرہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔ (سے) ۔۔۔۔۔۔ جس سے شرما رہا ہے

- o O o -

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-11-urdu-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share